***18-03-2024***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ

**Music**

☆ بھارتیہ انتخابی کمیشن نے چھ ریاستوں کے داخلہ سکریٹریوں اور مغربی بنگال کے DGP کو عام انتخابات سے پہلے ہٹائے جانے کا حکم جاری کیا ہے۔

☆ NDA نے لوک سبھا انتخابت کیلئے بہار میں سیٹوں کے بٹوارے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ BJP، 17 سیٹوں پر، JDU، 16 پر اور LJP (رام ولاس) 5 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔

☆ سپریم کورٹ نے SBI کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ جمعرات تک الیکٹورل بانڈز کی مکمل تفصیلات کا انکشاف کرے۔

☆ سماجوادی پارٹی کے رہنما اور اترپردیش کے سابق وزیر، اعظم خاں کو رامپور انہداہی معاملے میں 7 سال کی قید کی سزا سنائی ہے۔

☆ بھارتیہ محکمہ موسمیات نے اوڈیشہ، چھتیس گڑھ، ذیلی ہمالیائی، مغربی بنگال اور جھارکھنڈ میں کل شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور...... ہاکی انڈیا نے آسٹریلیا ٹور کیلئے مردوں کو 27رکنی ہاکی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔

---

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

***WB DGP & IGP Tansfer***

بھارتیہ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال سرکار سے کہا ہے کہ وہ IPS، DGP اور IGP جناب راجیو کمار کا

تبادلہ کسی ایسے عہدے پر کرے جس کا تعلق الیکشن سے نہ ہو۔ کمیشن نے ریاستی سرکار سے راجیو کمار کی جگہ کسی سینئر افسر کو ایڈہاک DGP کے طور پر نامزد کرنے کیلئے کہا ہے۔ اس دوران کمیشن نے تین اہل افسران کے ایک پینل، جس میں مغربی بنگال پولیس کے اگلے DGP اور IGP بھی شامل ہیں، اسے آج شام 5 بجے تک بھیجنے کا حکم جاری کیا تھا۔

مغربی بنگال میں لوک سبھا چناؤ 2024 کے پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ریاست میں لوک سبھا انتخابات کے سبھی سات مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بھارتیہ انتخابی کمیشن کے ذریعے جناب راجیو کمار کو عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد IPS وویک سہائے کو مغربی بنگال کے نئے DGP اور IGP کے طور پر فائز کیا گیا ہے۔

جناب راجیو کمار کا اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانک محکمے میں تبادلہ کیا گیا ہے۔ انھیں ایڈیشنل سکریٹری کی rank میں DSD کے طور پر فائز کیا گیا ہے۔

اس سے پہلے بھارتیہ انتخابی کمیشن کے حکم کے مطابق تین سینئر IPS افسران کے ایک پینل کو انتخابی کمیشن بھیجا تھا۔ وویک سہائے کے علاوہ سنجے مکھرجی، IPS اور ڈاکٹر راجیش کمار IPS پینل میں شامل تھے۔ راجیو کمار کو اُس وقت کے DGP منوج مالویہ کے دسمبر میں ریٹائر ہونے کے بعد DGP و IGP کے طور پر مقرر کیا گیا تھا۔ x

## ***NDA Bihar Seats Finalised***

بہار میں NDA اتحاد نے لوک سبھا چناؤ کے لیے اپنی سیٹوں کے بٹوارے پر ایک سمجھوتے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ اس اتحاد کے تحت کُل 40 سیٹوں میں سے BJP لوک سبھا کی 17 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ JDU 16 پر اور لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) 5 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ سابق وزیراعلیٰ جتن رام مانجھی کی قیادت والا ہندوستانی عوامی مورچہ اور اوپیندر کشواہا کا راشٹریہ لوک مورچہ ریاست میں ایک ایک سیٹ پر چناؤ لڑے گا۔ اس سلسلے میں اعلان آج نئی دلی میں BJP کے جنرل سکریٹری ونود Tawde کی طرف سے کیا گیا۔ اس موقع پر بہار BJP کے صدر سمرت چودھری، JDU کے لیڈر سنجے جھا LJP (آر) کے راجو تیواری اور دیگر لوگ موجود تھے۔ x

## ***PM Rally***

وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے آج کرناٹک اور تلنگانہ میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا ۔ کرناٹک کے Shivamogga ضلعے میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک میں ترقی کے سلسلے میں BJP نے جو کچھ کیا ہے وہ سبھی کے سامنے عیاں ہے۔

S/B - 2100 - PM -BJP 10 Yrs Karnataka

وزیراعظم نے کہا کہ دوسری جانب ائی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک بدعنوانی اور خوشنودی کی سیاست کے لیے جانا جاتا ہے۔ انہوں نے جھوٹے وعدے کرنے کے لیے کانگریس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ بعد میں شام میں جناب مودی نے تمل ناڈو کے کوئمبٹور میں ایک روڈ شو کیا۔ اس سے قبل دن میں جناب مودی نے تلنگانہ کے Jagtial میں ایک جلسۂ عام میں شامل ہوئے۔

اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے شکتی پر راہل گاندھی کے بیان کے لیے کانگریس لیڈر کی نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ چاند پر جس جگہ چندریان تین کا لینڈر وکرم اترا تھا اسے شیوشکتی پوائنٹ کا نام دیا گیا ہے۔

اسی دوران کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے آج وضاحت کی کہ شکتی سے ان کا مطلب وہ اقتدار ہے جس نے ملک کی آواز، اداروں اور ملک کے تمام آئینی ڈھانچے کو اپنی چنگل میں جکڑ لیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گاندھی نے وزیراعظم پر ان کے بیانات کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا الزام لگایا۔×

## ***Telangana***

تلنگانہ میں چناؤ حکام نے اس مرتبہ ریاست میں پولنگ کے فیصد کو بہتر بنانے کے لیے ایک حکمت عملی وضع کی ہے۔ آج شام حیدرآباد میں میڈیا کے فراد سے بات کرتے ہوئے ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر وکاس راج نے کہا کہ تقریباً پانچ ہزار پولنگ اسٹیشنوں کے لیے ایک لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے جہاں حالیہ اسمبلی چناؤ کے دوران چناؤ کا فیصد سب سے کم دیکھا گیا تھا۔ ×

## ***SC SBI Bond***

سپریم کورٹ نے آج اسٹیٹ بینک آف انڈیا کو ہدایت دی ہے کہ وہ جمعرات تک الیکٹورل بونڈ سے متعلق تمام تفصیلات کا مکمل طور پر انکشاف کرے۔ عدالت عالیہ نے کہا کہ ان تفصیلات میں خریدار اور حصول کنندہ سیاسی پارٹیوں کے درمیان تعلق کو واضح کرنے والے مخصوص بونڈ نمبر سمیت تمام تفصیلات کا انکشاف کیا جائے۔ پانچ جموں پر مشتمل اس آئینی بینچ کی صدارت چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کر رہے تھے۔ بینچ نے SBI کے چیئرمین کو ہدایت دی ہے کہ وہ 21 مارچ تک پانچ بجے سے پہلے پہلے ایک حلف نامہ دائر کریں، جس میں بینک کی جانب سے تمام تفصیلات کا انکشاف کرنے کی وضاحت کی گئی ہو۔ x

### Prez Civil Officers

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سول سروسز افسروں سے کہا ہے کہ وہ مصنوعی ذہانت، بلاک چین اور Big data Analytics جیسی جدید ترین ٹیکنولوجیز کا استعمال مؤثر اور اسمارٹ انتظامیہ کے لئے کریں۔ انھوں نے کہا کہ عمدہ اور متنوع تجربات کے ساتھ نئے خیالات اور نئی ٹیکنولوجیز کا امتزاج ایسی مکمل تبدیلیاں لاسکتا ہے کہ جس کا کوئی تصور بھی نہیں کرسکتا۔

صدر مرمو آج راشٹرپتی بھون میں State Civil Services Officers سے خطاب کر رہی تھیں۔ یہ افسران مسوری کے لال بہادر شاستری نیشنل اکیڈمی آف ایڈمنسٹریشن LBSNAA میں 125 ویں Induction Training میں حصہ لے رہے ہیں۔

صدر مرمو نے کہا کہ افسران جب بھی کوئی ترقیاتی کام کریں تو انھیں پائیداری اور شمولیت کو ہمیشہ اپنے ذہن میں رکھنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ جہاں دنیا عالمی تمازت اور آب و ہوا میں تبدیلی جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہے۔ ایسے حالات میں ہمیں ماحول دوست طرزعمل اور پائیداری کو فروغ دینے والے اختراعی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ x

### PM Putin

وزیراعظم نریندر مودی نے روسی فیڈریشن کے صدر کی حیثیت سے ولادمیر پتن کے دوبارہ انتخاب پر انہیں مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ آنے والے سال میں بھارت اور روس کے درمیان وقت کی کسوٹی پر پوری اترنے والی خصوصی اور کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے لیے جناب پتن کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔x

### Rajnath US Secretary

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج امریکی وزیر دفاع Lloyd Austin کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ دونوں وزراء نے باہمی، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون کے امور پر وسیع تر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں نے پچھلے ماہ نئی دلی میں منعقدہ Indus-X سمٹ میں حالیہ باہمی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا اور تینوں سروسز کی باہمی فوجی مشقیں Tiger Triumph پر بھی غور خوض کیا۔ امریکی وزیر دفاع نے بحرہ ہند خطے میں قزاقی کے خلاف کارروائیاں انجام دینے میں بھارتی بحریہ کے اہم رول کی تعریف کی۔ دونوں وزراء نے بھارت-امریکی دفاعی تعاون کے خاکے کو نافذ کرنے کے طور طریقوں پر بھی تبادلۂ خیال کیا، جو پچھلے سال اختتام پذیر ہوئے تھے۔

دیگر دفاعی صنعتی تعاون کے امور پر بھی بات چیت کی گئی، جن میں ہندوستانی شپ یارڈز میں امریکی بحری جہازوں کی مرمت شامل ہے۔×

## Rampur Azam Khan

اترپردیش میں رام پور کی MP / MLA عدالت نے Dungarpur معاملے میں آج سابق وزیر، اعظم خان کو سات سال کی سزا سنائی ہے اور 8 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ اعظم خان سمیت چار افراد کو بھی سزا سنائی گئی ہے اور جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اِس کیس میں تین ملزموں کو بری کر دیا گیا ہے۔ اعظم خان کے علاوہ باقی تین ملزموں میں سابق CO اعلے حسن خان، سابق میونسپلٹی چیئرمین اظہر احمد خان اور برکت علی ٹھیکیدار شامل ہیں۔ انہیں زیادہ سے زیادہ پانچ-پانچ سال کی سزا تفویض کی گئی ہے اور اُن پر دو-دو لاکھ جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

یہ کیس سال 2019 میں دائر کیا گیا تھا۔ سینئر استغاشہ امرناتھ تیواری نے بتایا کہ اعظم خان کو گھر توڑ کر حملہ کرنے کے لیے IPC کی دفعہ 452 کے تحت سات سال کی سزا سنائی گئی ہے اور پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر دفعات کے تحت تین لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ سبھی سزائیں ہمہ وقت چلیں گی۔ جج وجے کمار کی MP/MLA عدالت نے 16 مارچ کو اعظم خان کو مجرم گردانہ تھا۔ اعظم خان سیتا پور جیل سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اِس کیس میں حاضر ہوئے تھے۔×

## ED Agusta Westland

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے Augsta Westland VVIP ہیلی کاپٹر گھپلے کے کیس میں ملزم Sharvan Gupta کی 16 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی غیرمنقولہ املاک کو عبوری طور پر قرق کر دیا ہے۔ یہ املاک دلی کے ایک پوش علاقے میں واقع زمین اور فارم ہاؤس کی شکل میں ہیں۔ ایجنسی نے FIR کی بنیاد پر تحقیقات شروع کر دی ہے جو Augsta Westland VVIP ہیلی کاپٹر گھپلے کے معاملے میں IPC کی مختلف دفعات اور بدعنوانی کے روک تھام کے قانون کے تحت CBI کی طرف سے درج کی گئی تھی۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے تفتیش میں انکشاف کیا کہ اپنے حق میں 12 VVIP ہیلی کاپٹرس کی سپلائی کے معاملے میں اثر ڈالنے کے لیے Augsta Westland کی طرف سے 70 ملین یورو مالیت کی رقم رشوت کے طور پر ادا کی گئی تھی۔×

## Home Ministry Tribunal

مرکزی حکومت نے اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے کہ مسلم کانفرنس جموں و کشمیر (بھٹ گروپ) اور مسلم کانفرنس جموں و کشمیر (Sumji) گروپ کو غیر قانونی تنظیمیں قرار دینے کیلئے مناسب جواز موجود ہے یا نہیں۔ اُس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کا ایک ٹرائبونل تشکیل دیا ہے۔

ٹرائبونل میں جسٹس Neena بنسل کرشنا، جج دلّی ہائی کورٹ شامل ہیں۔ مرکزی وزارت داخلہ نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے ایکٹ کے تحت پچھلے ماہ ان دونوں تنظیموں پر 5 سال کیلئے پابندی عائد کی تھی۔ وزارت نے کہا کہ یہ تنظیمیں، جموں و کشمیر کو بھارت سے الگ کرنے کیلئے دہشت گردانہ سرگرمیوں کی حمایت اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث تھیں۔ x

## Kolkata Building

مغربی بنگال میں کولکتہ کے گارڈن Reach area میں ایک زیرِتعمیر عمارت کے منہدم ہوجانے کی وجہ سے 8 افراد ہلاک اور مزید کچھ لوگوں کے اس میں پھنس جانے کا اندیشہ ہے۔ راحت و بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ وزیراعلیٰ ممتا بینرجی اور گورنر ڈاکٹر C.V Ananda Bose نے جائے حادثے کا دورہ کیا۔ بتایا جاتا ہے کہ عمارت کی تعمیر سے پہلے ہی تالاب میں پانی بھرنا شروع ہو گیا تھا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ کل اولاباری اور تیز ہواؤں کے امکان کے ساتھ آج سے چار دن کے لیے مغربی بنگال اور اڈیشہ کے دریائے گنگا کے علاقے میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز رفتار ہوائیں چلنے کے ساتھ معتدل بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ آج سے اِس ماہ کی 21 تاریخ تک جھارکھنڈ، ودربھ، چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش اور بہار میں اولا باری گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے علاوہ ہلکی سے معتدل بارش ہونے کا امکان ہے۔

توقع ہے کہ آج اور کل وِدربھ، مشرقی مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں اولا باری ہوگی اور جھارکھنڈ میں کل ژالہ باری کا امکان ہے۔

محکمہ موسمیات نے کل اڈیشہ، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال دریائے گنگا کے علاقے اور جھارکھنڈ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آج اور کل اولہ باری کے امکان کے ساتھ آج سے تین دن کے لیے تلنگانہ میں گرج چمک اور بجلی چمکنے کے ساتھ ہلکی سے معتدل بارش ہوگی۔

توقع ہے کہ آج سے جمعرات تک ساحلی آندھرا پردیش اور یانم میں ژالہ باری کا بھی امکان ہے۔×

### India US Exercise

امریکہ کے ایسٹرن سی بورڈ میں بھارت اور امریکہ کے درمیان ایک دو طرفہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر تعاون اور آفات سے نمٹنے کی تین رخی خدمات سے متعلق Tiger Triumph-24 نامی مشق کا آغاز ہوگیا ہے۔ یہ مشق اس ماہ کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔ دفاعی وزارت کے مطابق مشق کا مقصد دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان HADR کارروائیوں اور مزید بہتر طور پر طریقوں پر مبنی باہمی تال میل کو فروغ دینا ہے۔مشق میں ہیلی کاپٹر اور طیاروں سے لیس بھارتیہ بحری جہاز، بھارتیہ فوجی اہلکار اور تیزی سے کارروائی کرنے والی طبی ٹیمیں و گاڑیاں شامل ہیں۔ امریکہ کی نمائندگی میں، امریکی بحری کور اور امریکی فوجی دستے بردار امریکی بحری بیڑے شامل ہیں۔ x

### Hockey Australia Tour

ہاکی انڈیا نے آج چھ اپریل سے شروع ہونے والے آئندہ آسٹریلیا کے دورے کے لیے بھارت کے مردوں کی 27 رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ ہرمن پریت سنگھ ٹیم کے کپتان ہوں گے اور Hardik Singh ٹیم کے نائب کپتان ہوں گے۔ بھارتی ٹیم اِس دورے میں میزبان آسٹریلیا کے ساتھ پانچ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔سبھی میچ پرتھ میں کھیلے جائیں گے۔ اِس دورے کی اہمیت اِس لیے بھی بڑھ گئی ہے کیونکہ بھارتی ٹیم کا مقصد اِس سال کے آخر میں منعقد ہونے والے پیرس اولمپک سے قبل اپنی تیاریوں کا جائزہ لینا ہے۔ بھارتی ٹیم اگلے ماہ کی چھ تاریخ کو میزبان کے خلاف پہلا میچ کھیلے گی۔ دوسرا میچ سات اپریل کو کھیلا جائے گا جبکہ 10، 12 اور 13 اپریل کو تیسرا، چوتھا اور پانچواں میچ کھیلا جائے گا۔×

### Indian Olympic Association

انڈین اولمپک ایسوسی ایشن نے آج کشتی کے لیے ایڈہاک کمیٹی تحلیل کر دی ہے۔ اس کمیٹی کو پچھلے سال دسمبر میں اُس وقت تشکیل دیا گیا تھا جب کھیلوں کی وزارت کی جانب سے ریسلینگ فیڈریشن آف انڈیا کو معطل کیا گیا تھا۔ ریسلینگ فیڈریشن آف انڈیا کا اب کھیلوں کے انتظامی امور پر مکمل کنٹرول ہے۔ فروری میں یونائیٹڈ ورلڈ ریسلنگ کی جانب سے ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا سے پابندی ہٹائے جانے کے بعد یہ کمیٹی تحلیل کر دی گئی تھی۔×

☆☆☆☆☆